پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

29/11/2021

نبارڈ امداد یافتہ آر آئی ڈی ایف اسکیم کے تحت مختلف اضلاع کے 4 پلوں کے لئے 02 کروڑ 79 لاکھ 17 ہزار کی رقم جاری کی گئی

اتر پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ جناب کیشو پرساد موریہ کی ہدایت کے ضمن میں نبارڈ امداد یافتہ آر آئی ڈی ایف اسکیم کے تحت مختلف اضلاع کے 4 پلوں کی تعمیر کے کام کے لئے 02 کروڑ 79 لاکھ 17 ہزار کی رقم کا الاٹمنٹ اتر پردیش حکومت کے ذریعہ کیا گیا ہے۔اس ضمن میں ضروری حکم نامہ اتر پردیش حکومت محکمہ تعمیرات عامہ کے ذریعہ جاری کردیا گیا ہے۔

ان پلوں کے کاموں میں ضلع پرتاپ گڑھ میں 02اور کوشامبی اور اعظم گڑھ میں 01-01 کام شامل ہے۔جاری سرکاری حکم نامہ میں متعلقہ افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ نبارڈ اسکیموں کے تحت زیر تعمیر شاہراہوں کی معیاری تعمیر کی پیش رفت کا مسلسل تجزیہ کرکے رپورٹ حکومت کو مہیا کرائی جائے۔

نائب وزیر اعلیٰ جناب کیشو پرساد موریہ نے ہدایت دی ہے کہ ان کاموں میں مالی ضابطوں کا حرف بہ حرف عمل آوری یقینی بنائی جائے اور جاری سرکاری حکم نامہ میں قابل ذکر رہنما ہدایات کی عمل آوری ہر حال میں یقینی بنائی جائے۔

☆☆☆☆☆